New Edition

SRM
اضافی مطالعاتی مواد

92 Publishing House

# اُفُق

Urdu Series for Pre-O-Level

چھٹی جماعت کے لیے

شاذیہ اسلام

# بے ایمانی کی سزا

(محمد اسلام)

ایک سیٹھ صاحب اپنے نوکر کے روّیے سے بہت پریشان تھے۔ وجہ بھی خاصی دلچسپ تھی۔ نوکر ہر روز بازار سے ان کے لیے ایک لٹر دُودھ لاتا تھا۔ جب وہ شام کو تھکے ماندے گھر لوٹتے تو انہیں گرم گرم دُودھ دیا جاتا تھا۔ نوکر کا ایک اصول تھا، وہ اپنی صحت برقرار رکھنے کے لیے ہر روز ایک لٹر میں سے پاؤ دُودھ نکالتا، اُس کی جگہ پانی ملاتا اور گرم کرکے سیٹھ صاحب کو پیش کر دیتا۔

چند دن تک سیٹھ صاحب کو کچھ پتا نہ چلا، لیکن بعد میں انہیں شک گزرا کہ نوکر ملاوٹ کرتا ہے۔ سیٹھ صاحب بڑے کائیاں نکلے۔ انھوں نے اپنا یہ شک دُور کرنے کے لیے ایک اور نوکر رکھ لیا۔ اب جناب! نوکر اپنا بھانڈا پھوٹ جانے کے خوف سے پریشان ہو گیا، لیکن اس نے چالاکی سے کام لیتے ہوئے نئے ملازم کو بھی پاؤ دُودھ پر راضی کر لیا اور خالص دُودھ میں آدھ لٹر پانی ملانا شروع کر دیا۔ سیٹھ صاحب نے اُن کے اکٹھے بیٹھنے اور کھانے پینے کو شک کی نظر سے دیکھا۔ بھلا ان کے پاس دولت کی کیا کمی تھی۔ انھوں نے گڑبڑ کا پتا چلانے کے لیے ایک اور ملازم رکھ لیا۔ وہ بھی پاؤ دُودھ کے لالچ میں آ کر اُن کے ساتھ مل گیا۔ اس طرح سیٹھ صاحب نے پاؤ دُودھ میں تین پاؤ پانی پینا شروع کر دیا۔ بعد میں انھوں نے یہ سوچ کر کہ ''اپنے اپنے اور پرائے پرائے ہوتے ہیں''، دوسرے شہر سے اپنے بھتیجے کو بلایا اور اسی کام پر لگا دیا۔ بھتیجے نے جب ملازموں سے پوچھا تو وہ مان گئے کہ ہم اس طرح کرتے ہیں اور آپ کو حصہ دینے کے لیے اپنا کوٹا کم کر رہے ہیں۔

بھتیجے نے اعتماد سے کہا: ''ایسا کرنے کی کیا ضرورت ہے، یہ بات مجھ پر چھوڑ دو۔''

شام کو جب سیٹھ صاحب واپس آئے تو کہنے لگے: ''بیٹے، جلدی سے دُودھ لے آؤ، مجھے نیند آ رہی ہے۔''

''چچا جان دُودھ گرم کر رہا ہوں، ذرا ٹھہریے۔'' سعادت مند بھتیجے نے کہا۔

جب سیٹھ صاحب سو گئے تو بھتیجے نے ساری بالائی اُن کی مونچھوں پر مَل دی۔ جب آپ سو کر اُٹھے تو طبیعت دُودھ پینے کو چاہی۔ بھتیجے سے پوچھا تو اُس نے کہا:

''چچا جان! میں نے آپ کو گہری نیند کی حالت میں دُودھ پلایا تھا، دیکھیں آپ کی مونچھوں پر بالائی لگی ہوئی ہے۔'' سیٹھ صاحب نے ہاتھ پھیرا تو خوشی سے چیخنے لگے:

''بیٹا واہ واہ! بالائی والا دُودھ تو مجھے ساری زندگی نصیب نہیں ہوا، کم بخت نوکر ہی سب کچھ کھائے جاتے تھے، مجھے تم پر فخر ہے بیٹے!''

سیٹھ صاحب نے خوشی سے سر ہلا ہلا کر کہا۔ اچانک سیٹھ صاحب کو کچھ سُوجھا۔ انھوں نے بھتیجے سے کہا کہ

''جاؤ تینوں نوکروں کو بلا کر لاؤ تاکہ انہیں سزا دی جا سکے اور تمھیں انعام دیا جائے۔''

بھتیجا خوشی خوشی گیا اور نوکروں کو لے آیا۔ جب چاروں کمرے میں داخل ہوئے تو دیکھا کہ سیٹھ صاحب کے ہاتھ میں موٹا سا ڈنڈا ہے اور وہ آگ بگولا ہو رہے ہیں۔ پھر انھوں نے آؤ دیکھا نہ تاؤ، چاروں پر ڈنڈے برسانے شروع کر دیئے۔ بھتیجے نے پوچھا، ''چچا جان، چچا جان مجھے کیوں مارتے ہیں؟'' تب سیٹھ صاحب بولے: ''کم بخت! ان نوکروں کی بے ایمانی تو میں جانتا تھا، لیکن تم تو ان سے بھی زیادہ چالاک نکلے۔ تم نے ان کے ساتھ مل کر بے ایمانی کے ذریعے بچنے والے دُودھ کا آخری پاؤ بھر حصہ بھی چٹ کر لیا اور مجھے دھوکا دینے کے لیے یہ سمجھ کر کہ میں سو رہا ہوں، میرے منہ پر بالائی مَل دی۔'' یہ کہہ کر سیٹھ صاحب نے چاروں کو خوب خوب پیٹا اور گھر سے نکال دیا۔

سوال ۵: سیٹھ صاحب نوکروں کی چوری پکڑنے کے لئے بھتیجے کو دوسرے شہر بُلاتے ہیں۔ آپ بتایئے بھتیجا کسے کہتے ہیں؟ نیز مندرجہ ذیل رشتے کیا کہلاتے ہیں؟

_______________________________________________

- ماں کا بھائی کیا کہلاتا ہے؟ ___________
- بہن کا بھائی کیا کہلاتا ہے؟ ___________
- باپ کا باپ کیا کہلاتا ہے؟ ___________
- ماں کی ماں کیا کہلاتی ہیں؟ ___________
- باپ کی بہن کیا کہلاتی ہیں؟ ___________
- ماں کی بہن کیا کہلاتی ہیں؟ ___________
- باپ کا بیٹا کیا کہلاتا ہے؟ ___________
- بہن کا شوہر کیا کہلاتا ہے؟ ___________
- باپ کا بھائی (بڑا) کیا کہلاتا ہے؟ ___________
- بھائی کی بیوی کیا کہلاتی ہے؟ ___________

سوال۶: گھریلو ملازم اکثر مسائل پیدا کرتے رہتے ہیں۔ اسی طرح اکثر مالکان، ملازمین سے ناروا سلوک کرتے رہتے ہیں۔ مندرجہ ذیل کالم میں دونوں کے مسائل کا موازنہ کریں۔

| مالکان کے مسائل | گھریلو ملازمین کے مسائل |
|---|---|
| | |

سوال۷: مذکر اور مؤنث کی مدد سے خالی جگہیں پُر کریں۔

مالی نے __________ سے کہا: ’’میری غیر موجودگی میں باغ کی صفائی کا خیال رکھنا۔‘‘

__________ غصے سے اُٹھا اور بیوی کی طرف لپکا۔

__________ صاحب کے آنے سے پہلے ہی ملکانی نے مہمانوں کو رُخصت کر دیا۔

بادشاہ کو غضب ناک دیکھ کر __________ سہم گئی۔

کسان نے بتایا کہ اُس کے پاس دو بیل اور پانچ __________ ہیں۔

چڑیا گھر آئے ہوئے تماشائی __________ اور مورنی کا ناچ دیکھ کر دنگ رہ گئے۔

فقیر کی کُٹیا میں صرف ایک پیالہ اور __________ رکھے تھے۔

نانا اور __________ کو اپنی __________ اور نواسوں کی آمد کا شدت سے انتظار ہے۔

سوال ۸: مندرجہ ذیل الفاظ، جو سبق سے چُنے گئے ہیں، مختلف کیفیات کا اظہار کرتے ہیں۔ایسے الفاظ ''اسم کیفیت'' کہلاتے ہیں۔آپ ذیل میں دیئے گئے پیراگراف میں موزوں اسم کیفیت لکھیئے۔

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شک | خوف | پریشان | چالاکی | راضی | لالچ | سوچ | خوشی | فخر |

آج کل کے اس دَور میں انسان مختلف مسائل کا شکار ہے، جن کے باعث وہ اکثر __________ رہتا ہے۔ ان مسائل نے اُسے __________، __________ اور __________ میں مبتلا کر رکھا ہے۔ انسان کو چاہیے کہ ان مسائل سے بچنے کے لیے اپنی __________ مثبت رکھے اور اللہ کے کیے ہر کام پر __________ رہے۔ دوسروں کے ساتھ جھوٹ، فریب، دھوکے بازی اور __________ کرنے سے گریز کرے۔ اپنے آپ کو بھی خوش، مسرُور اور مطمئن رکھنے کی کوشش کرے اور دوسروں کو بھی حتی الامکان __________ اور سکون دے اور اس بات پر __________ کرے کہ وہ مسلمان اور تعلیم یافتہ پاکستانی ہے۔

سوال ۹: مندرجہ ذیل جُملے منفی اور سوالیہ جملوں میں تبدیل کیجیے۔

☆ ایک سیٹھ صاحب اپنے نوکر کے رویّے سے بہت پریشان تھے۔

______________________________

______________________________

☆ نوکر ہر روز بازار سے اُن کے لیے ایک لٹر دُودھ لاتا تھا۔

______________________________

______________________________

☆ سیٹھ صاحب نے دوسرے شہر سے اپنے بھتیجے کو بلایا۔

______________________________

______________________________

# ترقّی

(فارُوق قیصر)

انسان بھی ترقی کیا خُوب کر رہا ہے
بیماریوں سے اپنی جھولی کو بھر رہا ہے

پھیلا ہوا دُھواں ہے، آلودگی فضا میں
اب شور بڑھ رہا ہے اور غور گھٹ رہا ہے

چڑیوں کی چہچہاہٹ، جھرنوں کی گُنگُناہٹ
اِن سب کو کھا رہی ہے انجن کی گڑگڑاہٹ

ماحول ختم کرکے بے موت مر رہا ہے
انسان بھی ترقی کیا خوب کر رہا ہے

انبارِ گندگی ہے، بیمار زندگی ہے
بارُود کا ہے بادل، بیماریوں کی بارش

جنگل کو قتل کرنے کی ہو رہی ہے سازش
اوزون ختم کرکے کینسر سے مر رہا ہے

انسان بھی ترقی کیا خُوب کر رہا ہے
انسان بھی ترقی کیا خُوب کر رہا ہے

# تصویری مشق



سوال ۱:(الف) سکولوں کے باہر ٹریفک کا رش بہت سے مسائل پیدا کر رہا ہے، کون کون سے؟ بالترتیب لکھیئے۔

(ب) سکول انتظامیہ کو اِس سلسلے میں کیا اقدامات کرنے چاہییں؟

سوال ٦: مندرجہ ذیل واحد کی عربی قاعدے سے جمع لکھیئے۔

| واحد | جمع | واحد | جمع |
|---|---|---|---|
| دوا | | مُجرم | |
| دلیل | | رُوح | |
| خاص | | رائے | |
| خاصیت | | خاتون | |
| خبر | | خط | |
| اُستاذ | | امیر | |

سوال ۷: مندرجہ ذیل جملوں میں ''کہ'' یا ''کے'' لگا کر جُملے مکمل کیجیے۔

- میں کام سے فارغ ہوا ہی تھا__________دروازے کی گھنٹی بجی۔
- ایک بین الاقوامی رپورٹ کے مطابق کراچی اور لاہور، ایشیا__________آلودہ ترین شہر ہیں۔
- اس سے پہلے__________میں بولتی، وہ باہر جا چکی تھی۔
- ابو__________موڈ کا کچھ بھروسا نہیں ہوتا۔
- مچھروں سے بچنے__________لیے سپرے کیا گیا ہے۔
- چاہیے تو یہ تھا__________اصغر اپنی غلطی پر شرمندہ ہوتا مگر افسوس__________اس میں اکڑ بہت ہے۔
- ڈاکٹر! جلدی آئیں، مریض__________دل کی دھڑکنیں بے ترتیب ہو رہی ہیں۔
- راہ گیر نے میری ایسی دُرگت بنائی__________مجھے چھٹی کا دُودھ یاد آ گیا۔

سوال ۸: مندرجہ ذیل الفاظ مختصر کیجیے، مثلاً

رَس سے بھرا ہوا    رسیلا

غُصے سے بھرا ہوا __________    جوش سے بھرا ہوا __________

پانی سے بھرا ہوا __________    محنت کرنے والا __________

رنگوں سے بھرا ہوا __________    زہر سے بھرا ہوا __________

نمک سے بھرا ہوا __________    شرارت سے بھرا ہوا __________

حسد کرنے والا __________    بُھول جانے والا __________